نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

راولپنڈی کی ضلعی حکومت اور یو ایس ایڈ کی جانب سے مندرہ میں ماؤں اور نوزائیدہ بچوں کے لئے طبی سہولیات میں اضافہ

راولپنڈی (18 اپریل 2006ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) اور پنجاب کے محکمہ صحت کے نمائندوں نے مندرہ میں صحت کے دیہی مرکز میں 24 گھنٹے ہنگامی طبی امداد اور ایمبولینس کی سہولت کا افتتاح کیا۔ مندرہ میں صحت کی بہتر دیکھ بھال اور دیہی مرکز تک رسائی سے حاملہ خواتین، ماؤں اور نوزائیدہ بچوں کی دیکھ بھال کی فوری ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی اور اس طرح حمل اور زچگی کے دوران اموات کے خطرے میں بھی نمایاں طور پر کمی ہوگی۔

مندرہ میں صحت کا دیہی مرکز اُن 31 اسپتالوں اور صحت کے دیہی مراکز میں سے پہلا طبی مرکز ہے جہاں پر 'پاکستان کے ماؤں اور بچوں کی صحت کی دیکھ بھال کے منصوبہ '(PAIMAN) کے تحت ہنگامی طبی سہولیات اور ایمبولینس فراہم کی گئی ہے۔ یو ایس ایڈ اور وزارت صحت اس منصوبہ کو مربوط بنا رہے ہیں۔ صحت عامہ کے لئے کام کرنے والی ایک کمپنی جان اسنو انکارپوریٹڈ، صوبائی و بلدیاتی حکومتوں اور مقامی اشتراک کاروں کے ساتھ مل کر اس پروگرام پر عملدرآمد کر رہی ہے۔

پنجاب کے وزیر صحت ڈاکٹر طاہر علی جاوید، پاکستان میں یو ایس ایڈ کے مشن ڈائریکٹر جوناتھن ایڈلٹن اور صوبائی و بلدیاتی حکام نے بھی مندرہ میں ہونے والی اس تقریب میں شرکت کی۔ ڈاکٹر طاہر جاوید نے اس موقع پر کہا کہ حکومتِ پنجاب نے ماں اور بچے کی دیکھ بھال کا خصوصاً دیہی علاقوں میں عزم کر رکھا ہے۔ ہم ہنگامی طبی سہولیات کی فراہمی اور ماں اور بچے کی صحت کی دیکھ بھال کے سلسلہ میں پوری آبادی کو شامل کرنے کے لئے PAIMAN کی کوششوں کو سراہتے ہیں۔

یو ایس ایڈ کے مشن ڈائریکٹر جوناتھن ایڈلٹن نے کہا کہ جس طرح یو ایس ایڈ اور پاکستانی اضلاع صورت حال کو بہتر بنانے کے لئے مل کر کام کر رہے ہیں، یہ اس کی ایک اچھی مثال ہے۔ PAIMAN منصوبہ محض سہولیات کو ہی بہتر نہیں بنا رہا بلکہ یہ ان سہولتوں کے استعمال میں لوگوں کو بھی شامل کرتا ہے۔ ماں بچے کی صحت ایک مشترکہ ذمہ داری ہے۔

صرف ضلع راولپنڈی میں آٹھ لاکھ شادی شدہ جوڑے اور ان کے شیر خوار بچے صحت کی بہتر سہولیات سے مستفید ہوں گے۔ صحت کے مراکز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے علاوہ PAIMAN منصوبہ کے تحت طبی عملے کو زندگی بچانے کی تربیت دی جائے گی اور مقامی آبادی میں تعلیم و آگہی کی مہم کی بھی اعانت کی جائے گی جس کے ذریعہ لوگوں کو یہ بتایا جائے گا کہ خطرے کی علامات کی کیسے شناخت کی جائے اور فوری طور پر ہنگامی طبی سہولیات کو بروئے کار لایا جائے۔

امریکہ، یو ایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران، تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کل 51 کروڑ ڈالر کی امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3